TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 8 October 2023

“Palestinian Muslims have the right to retaliate against the occupation of Zionists.”

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): “Palestinian Muslims have the right to retaliate against the occupation of Zionists.” This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that illegitimate Zionist Israel has illegally occupied Palestinian land for the past 75 years. Zionists from all over the world were brought in to settle after demolishing Palestinian homes. The agenda to level the Al-Aqsa Mosque and establish a Greater Israel is being pushed relentlessly. Attacks targeting the Al-Aqsa Mosque, West Bank, Jenin, Jerusalem and Gaza are frequent. Every Israeli citizen is a trained soldier who persists in a state of war against Palestinian Muslims. Considering all this, it is the prerogative of the Palestinian Muslims to expel illegal Zionists from the Holy Land, and retaliate fully to reclaim their territory. He said that it is a test for all Muslim countries at this crucial time that whether they support the truth or surrender to Israel. Whether they rush to the aid of the Palestinian Muslims and strengthen their footing, or become an obstacle in their path. He said that Israel, which has been a vehement aggressor for the past 75 years, is being portrayed as a victim in western media, and the genocide of Palestinian Muslims has been accelerated. Muslim countries are being unprecedentedly pressured into recognizing the illegal Zionist state and assisting it. Addressing the government of Pakistan, as well as leaderships of other Muslim countries, he said that at this crucial junction, everybody should mobilize for not only complete moral, diplomatic and financial support of Muslims in Palestine, but also enter the fray for military assistance. It must not be forgotten that those who support the illegal Zionist state will inevitably face a scathing judgment in history. The Ameer concluded by making Dua for the triumph of the Muslims of Palestine.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan

شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

08اکتوبر2023ء

پریس ریلیز

فلسطینی مسلمانوں کو غاصب صہیونیوں کے خلاف جوابی کاروائی کا پورا حق حاصل ہے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): فلسطینی مسلمانوں کو غاصب صہیونیوں کے خلاف جوابی کاروائی کا پورا حق حاصل ہے۔یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔اُنہوں نے کہا کہ ناجائز صہیونی ریاست نے پون صدی سے فلسطنیوں کی زمین پر غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے۔ دنیا بھر سے صہیونیوں کو لاکر اور فلسطنیوں کے گھروں کو مسمار کر کے آباد کیا گیا ہے۔ مسجد اقصیٰ کو شہید کرنے اور گریٹر اسرائیل کو قائم کرنے کا منصوبہ مسلسل آگے بڑھایاجا رہا ہے۔ مسجد اقصیٰ، مغربی کنارہ، جنین، یروشلم اور غزہ پر مستقل حملے جاری ہیں۔اسرائیل کا ہر شہری تربیت یافتہ فوجی ہے جو ہر لمحہ فلسطینی مسلمانوں کے خلاف حالت جنگ میں رہتا ہے۔اس پس منظر میں فلسطین کے مسلمانوں کو پورا حق حاصل ہے کہ ناجائز صیہونی آبادکاروں کو ارضِ مقدس سے نکال باہر کرنے اور اپنے علاقے واپس لینے کے لیے بھر پور جوابی کارروائی کریں۔اُنہوں نے کہا کہ مسلمان ممالک کا اب امتحان ہے کہ وہ اس نازک گھڑی میں حق کا ساتھ دیتے ہیں یا اسرائیل کے سامنے بچھ جاتے ہیں۔ فلسطینی مسلمانوں کی مدد کو پہنچتے ہیں اور اُن کے اقدام کو تقویت دیتے ہیں یا اُن کے راستے کی دیوار بن جاتے ہیں۔اُنہوں نے کہا کہ پون صدی سے جارحیت کرنے والے اسرائیل کو اب مغربی میڈیا میں مظلوم کے طور پر پیش کیا جارہاہے اور فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی کو تیز کردیا گیاہے۔ مسلمان ممالک پر بے پناہ دباؤ ڈالا جارہا ہے کہ ناجائز صیہونی ریاست کو تسلیم کر کے اس کی مدد کریں۔اُنہوں نے پاکستان اوردیگر مسلمان ممالک کی حکومتوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اس نازک وقت میں فلسطین کے مسلمانوں کی نہ صرف مکمل اخلاقی،سفارتی اورمالی بلکہ عسکری مدد کے لیے میدان میں اتریں۔ اس بات کو نہ بھولا جائے کہ ناجائز صیہونی ریاست کا ساتھ دینے والوں پر تاریخ اپنافیصلہ ضرور صادر کرے گی۔آخرمیں اُنہوں نے فلسطین کے مسلمانوں کی فتح کے لیے دعا کی۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان